**31.08.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ کونین حیدر

**Music**

-----------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے رہنماؤں کیساتھ باہمی میٹنگیں کرینگے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے NIFT کے طلباء پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کی مالامال ثقافتی وراثت کو برقرار رکھتے ہوئے عالمی نقطۂ نظر اختیار کریں۔

☆ حکومت نے ایک اعشاریہ 27 لاکھ کروڑ روپے کے کُل اخراجات کے سیمی کون انڈیا پروگرام کے سبھی 6 ستون کو نوٹیفائی کیا ہے۔

☆ بھارتی بحریہ نے INS Nipun کو بحریہ میں شامل کیا ہے۔

☆ نیپال میں تباہ کن اچانک سیلاب کے بعد راحت اور بچاؤ کارروائیوں میں تیزی آگئی ہے۔ ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 903 ہوگئی ہے اور 4 ہزار سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

☆ اور فٹ بال میں، آج تاشقند میں بھارت، AFC انڈر-20 ایشیا کپ کوالیفائی مہم کا آغاز ملک شام کے خلاف مقابلے سے کرے گا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-BISHKEK VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کرغزستان کے اپنے دو روزہ دورے کے پہلے دن بشکیک میں، **Friends of India** کے ساتھ بات چیت کی۔ اِس موقع پر یوگا اور مائس اکیڈمی سمیت مختلف شعبوں میں بھارت کے ساتھ کام کرنے والے چار وفد موجود تھے۔ اِس کے بعد، وزیراعظم مودی نے بشکیک میں، مہاتما گاندھی میموریل پارک میں مہاتما گاندھی کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔

وزیراعظم مودی آج شنگھائی تعاون تنظیم کے ممبر ملکوں کے کئی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت بھی کریں گے۔ اِن میں روس کے صدر کے ساتھ باہمی بات چیت کے ساتھ ساتھ آرمینیا، کرغزستان اور ایران کے صدور کے ساتھ میٹنگیں بھی شامل ہیں۔ جناب مودی کل شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی 26ویں سربراہ میٹنگ سے خطاب کریں گے۔×

**PREZ-NIFT CONVOCATION**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ ٹیسکٹائل اور ملبوسات کا شعبہ نہ صرف بھارت کے ثقافتی ورثے کا ایک اہم حصہ ہے، بلکہ یہ لاکھوں افراد کے گزر بسر کا ذریعے بھی ہے۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی NIFT کے جلسہ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے طلباء پر زور دیا کہ وہ ملک کی مالامال ثقافتی وراثت اور اقدار سے مربوط رہتے کے ساتھ ساتھ ایک عالمی نقطۂ نظر اختیار کریں۔ فیشن صنعت میں خواتین کے ابھرتے رول پر زور دیتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ تقریب میں موجود تقریباً 4 ہزار طلباء میں سے 85 فیصد خواتین ہیں۔

**SB - Prez Murmu**

وکست بھارت 2047 کے نظریے میں تعاون کی خاطر نوجوانوں پر زور دیتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ طلباء محض نوکری تلاش کرنے والے نہ بنے رہیں، بلکہ وہ نوکری فراہم کرنے والے اور دیگر کیلئے روزگار کے مواقع قائم کرنے والے بنیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ گزشتہ 4 دہائی میں NIFT کے طلباء اور پیشہ ور افراد نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر اہم حصولیابی حاصل کی ہے اور ملک کا نام روشن کیا ہے۔×

**SHAH-PRANAB MUKHARJEE**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق صدر جمہوریہ اور بھارت رتن ڈاکٹر پرنب مکھرجی کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ سابق صدر جمہوریہ ایک ایسے سرکردہ منتظم اور اسکالر تھے، جنھوں نے ملک کیلئے اپنے پختہ عزم اور دہائیوں پر مبنی اپنی عوامی زندگی میں آئینی اقدار کو ترجیح دی۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ اُن کی میراث رہنماؤں کو ترغیب دیتی رہے گی۔×

**VAISHNAW-SEMICON 2.0 PILLARS**

حکومت نے آج ایک اعشاریہ 27 لاکھ کروڑ روپے کے کُل اخراجات کے ساتھ سیمی کون 2.0 اسکیم کو نوٹیفائی کیا ہے، تاکہ ملک میں چپ مینوفیکچرنگ کے ایکو نظام کو فروغ دیا جاسکے۔ اِس کے ساتھ ہی آئندہ برسوں میں بھارت، عالمی سیمی کنڈکٹر صنعت کے بازار کا تقریباً 10 فیصد ہوسکتا ہے اور عالمی سیمی کنڈکٹر کے معاملے میں بھارت ایک زیادہ اہم رول ادا

کرسکتا ہے۔ الیکٹرانک اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی میں سیمی کون انڈیا 2.0 کے سبھی 6 ستونوں کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیے جانے کے بعد، میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ حکومت کی توجہ ملک کو عالمی سیمی کنڈکٹر ویلیو چین میں پختہ طور پر شامل کرنے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سیمی کنڈکٹر صنعت کے متعلقہ فریقوں کے درمیان یہ اعتماد ہے کہ بھارت آئندہ دہائیوں میں اہم سرمایہ کاری کیلئے ایک صحیح اور مناسب مقام ہے۔×

**INS-NIPUN COMMISSIONED**

بھارتی بحریہ نے آج ممبئی کے نیول ڈاک یارڈ میں نِستار زمرے کے دوسرے ڈائیونگ سپورٹ ویسل INS Nipun کو بحری بیڑے میں شامل کیا۔ اِس سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بحریہ کے سربراہ ایڈمرل کرشنا سوامی ناتھن نے کہا کہ حکمت عملی کی تبدیلیوں کے اِس دور میں Nipun زیرِ آب خصوصی صلاحیتوں میں ایک زبردست اضافہ ہوگا، جو گہرے پانی میں کثیر رُخی کارروائیوں کیلئے درکا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ Nipun سے غوطہ خوری اور زیر آب بچاؤ کارروائی کے طور پر کارروائی کی مغربی بحری کمان کی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔

ہندوستان شپ یارڈ لمیٹڈ HSL وشاکھا پٹنم نے Nipun ملک ہی میں ڈیزائن اور تیار کیا ہے۔یہ جہاز جدید ڈائیونگ سسٹمز اور پانی کے اندر کارروائی سے متعلق صلاحیتوں سے لیس ہے۔ اِس سے سمندر میں مشکل حالات میں کام کرنے والے غوطہ خوروں کو مسلسل مدد فراہم کی جاسکتی ہے۔×

**NEPAL- FLOOD**

نیپال میں گزشتہ ہفتے تباہ کن سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 903 ہوگئی ہے، جبکہ 4 ہزار 247 افراد سے زیادہ کا اب بھی اتہ پتہ نہیں ہے۔ نیپال کی قدرتی آفات کے خطرے کو کم کرنے اور اِس کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی کے مطابق، اتوار کو 2 ہزار 502 کی تعداد سے اب یہ تعداد بڑھ گئی ہے۔ نیپال کے سبھی 8 اضلاع سے لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں اور بچاؤ کارکن لاپتہ اور پھنسے ہوئے لوگوں کی تلاش کی خاطر کارروائی انجام دے رہے ہیں۔ اِس دوران، تقریباً ایک درجن پن بجلی پروجیکٹوں میں کم از کم 933 ورکروں کے پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ بھارت کی بچاؤ ٹیمیں اور دیگر ماہرین، پن بجلی پروجیکٹوں کی ملبے سے بند ہوئی سرنگوں کے آس پاس تلاشی کی کارروائی کررہے ہیں۔

تبت میں اِس وقت ہلاک ہونے والوں کی تعداد 16 ہے، جب کہ 546 لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ اِس دوران، نیپالی سائنس دانوں کی جانب سے ایک ابتدائی مطالعہ میں یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ Rasuwa کے Langtang Lirung علاقے میں تقریباً 5 ہزار 200 میٹر اونچائی پر برف کا ایک بہت بڑا تودہ گرنے سے یہ سیلاب آیا ہے۔ نیپال کے وزیر اعظم بلیندر شاہ نے اِس سیلاب کو غیر معمولی اور تباہ کن قدرتی آفت قرار دیا ہے، جس میں بچاؤ کارروائیوں میں تقریباً 21

ہزار سکیورٹی اہلکار شامل ہیں۔ ریڈ کراس نے تخمینہ لگایا ہے کہ 90 ہزار سے زیادہ افراد اِس سے متاثر ہوئے ہیں۔×

**BIHAR-FLOOD**

نیپال میں سیلاب کی سنگین صورتحال اور نشیبی علاقوں میں شدید بارش کے پیش نظر بہار میں گنڈک اور کوسی دریاؤں کی سطح آب میں اضافہ ہوگیا ہے۔ پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے کیلئے والمکی نگر بیراج کے سبھی 36 گیٹ اور کوسی پر بیرپور بیراج کے 56 گیٹ میں سے 25 کھول دیے گئے ہیں۔ تاہم گزشتہ 24 گھنٹے میں دونوں دریاؤں میں پانی کی سطح اور پانی چھوڑے جانے، دونوں میں کمی آئی ہے۔×

**IMD-WEATHER**

محکمہ موسمیات IMD آج اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں انتہائی شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ بہار، مشرقی اترپردیش، اتراکھنڈ، مشرقی مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ اور تمام شمال مشرقی ریاستوں میں کل تک بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

محکمہ موسمیات نے کہا کہ انڈمان ونکوبار جزائر، آندھرا پردیش مغربی بنگال کے گنگا کے ترائی والے علاقے، اڈیشہ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں کل تک گرج چمک کی صورتحال جاری رہے گی۔ کرناٹک، کیرلم، ماہے، لکشدیپ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، تلنگانہ اور مراٹھواڑہ میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔×

**MP-WEATHER**

مدھیہ پردیش کے مشرقی حصوں میں موسمیات تبدیلی کا بڑا اثر پڑرہا ہے۔ کچھ علاقوں میں ڈیم کے گیٹس کو کھولنا پڑا، جبکہ سیلاب کی صورتحال کے سبب کئی علاقے مشکل حالات سے دوچار ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C New Desk**

*مشرقی مدھیہ پردیش میں تیز بارش کے سبب دریاؤں اور ڈیم میں پانی کی سطح میں اضافہ ہورہا ہے، جس کے سبب کئی علاقے مشکلات سے دوچار ہیں۔ شاہ ڈول میں Bansagar ڈیم میں پانی کی سطح بڑھنے کی وجہ سے اُس کے گیٹس کچھ دیر کیلئے کھولنے پڑے۔ چترکوٹ میں مندائنی دریا میں پانی کی سطح تقریبا 30 فٹ بڑھ گئی ہے۔ Gorgi ڈیم ٹوٹنے کے سبب کئی علاقوں میں پانی بھر گیا، جبکہ پانی کے تیز بہاؤ سے رام گھاٹ کے بڑے پُل کو نقصان پہنچا۔ وزیراعلیٰ موہن یادو نے کل چترکوٹ کا دورہ کرکے سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا اور راحت کیمپ میں لوگوں کا حال جانا۔ محکمہ موسمیات نے آج رِیوا، مئوگنج، Maihar، Sidhi، اُمریا، شاہ ڈول، Dindori، انوپ پور، مَنڈلا، Seoni اور*

بالاگھاٹ کیلئے شدید بارش کا الرٹ جاری کیا ہے۔
نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ اردوں خبروں کیلئے میں۔

## US-IRAN HORMUZ

امریکہ نے گل رات آبنائے ہرمز میں Larak جزیرے پر ایران کے فوجی ٹھکانوں پر حملہ کیا۔ امریکی فورسز کے مطابق ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی کے فوجیوں کو آبنائے ہرمز میں سمندری بارودی سرنگوں کے ساتھ راکٹ داغنے کی تیاری کرتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ اسی کے بعد ایران کے دو راکٹ لانچرس کو نشانہ بنایا گیا۔ ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے نے بتایا ہے کہ اِس حملے میں کئی ایرانی اہلکار اور سویلین ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔اُدھر ایران نے، جوابی کارروائی کرتے ہوئے اُردن میں امریکہ کے کنگ حسین اور Al Azraq فوجی اڈوں پر بیلسٹک میزائل داغے۔×

## FOOTBALL-AFC-U-20 ASIA CUP

فٹ بال میں، بھارت کے مردوں کی 20 سال تک کی عمر کی قومی ٹیم آج تاشقند کے Dostlik اسٹیڈیم میں مُلکِ شام کے خلاف چین کے AFC انڈر-20 ایشین کپ 2027 کوالیفائرز مہم کا آغاز کرے گی۔ بھارت کو، گروپ B میں میزبان اُزبیکستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ بھارتی ٹیم کا مقصد 2006 کے بعد پہلی بار AFC انڈر-20 ایشین کپ میں واپسی کرنا ہے۔×

## WOMEN-CRICKET

خواتین کرکٹ میں بھارت نے ٹی ٹوینٹی ایشیا کپ 2026 میں اپنی مہم کا شاندار آغاز کیا۔ گل رات دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں تھائی لینڈ کو 94 رن سے شکست دی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے 20 اوورز میں 9 وکٹ پر 159 رن بنائے۔ شفالی ورما 64 رن بنا کر سب سے زیادہ رن بنانے والی کھلاڑی رہیں اور انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ اسمرتی مندھانا 19 رن بنانے کے بعد رَن آؤٹ ہوگئیں۔

جواب میں، تھائی لینڈ کی پوری ٹیم 15 اوورز تین گیند میں محض 65 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ اس جیت کے ساتھ بھارت نے ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا مضبوط آغاز کیا ہے۔ دبئی میں آج گروپB کے ایک میچ میں بنگلہ دیش کا مقابلہ انڈونیشیا سے ہوگا اور یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆